# مقدس مرقس (انجیل نویس)

مقدس مرقس پیدائشی یہودی تھے۔خداوند یسوع کے مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے بعد آپ نے مسیحیت کو قبول بعد ازاں آپ مقدس پولوس اور برنباس کے ساتھی بنے اور اُن کے ساتھ بشارتی دُوروں پر بھی جاتے رہے۔پھر آپ روم تشریف لے گئے جہاں آپ مقدس پطرس کے ترجمان رہے۔مقدس اوریجن اور مقدس جیروم کہتے ہیں کہ آپ وہی کچھ تحریر کیا جو آپ نے مقدس پطرس سے سیکھا تھا۔مقدس پطرس نے شہنشاہ نیرو کی حکومت کے ساتویں برس میں آپ کو اسکندریہ کا بشپ بنا کر بھیج دیا۔آپ نے بارہ برس تک لبیا اور مصر میں نہ صرف کلامِ مقدس کا پرچار کیا بلکہ اسکندریہ کی کلیسیا بھی قائم کی۔آپ کی قبولیت کو دیکھ کر آپ کے مخالفین سخت ناراض ہوئے۔کچھ عرصے کیلئے آپ نے اسکندریہ کو خیر باد کہا۔دو سال کے عرصے کے بعد آپ جب واپس لوٹے تو آپ نے مسیحیوں کی تعداد میں خاصا اضافہ دیکھا۔اُن کی حوصلہ افزائی کرنے کے بعد آپ روم روانہ ہو گئے۔آپ کے معجزات کی بدولت اسکندریہ کی غیر اقوام آپ کو جادوگر سمجھتے تھے اور آپ کے قتل کے منصوبے بناتے رہتے تھے۔لیکن ایک لمبے عرصے تک اُن کے منصوبے کامیاب نہ ہو پائے تاہم

24 اپریل 68 کو اُن میں سے چند ایک نے آپ کو ڈھونڈ نکالا۔ آپ پاک ماس کی قربانی چڑھا رہے تھے جب انہوں نے آپ کو پکڑا اور پاؤں میں رسیاں باندھ کر سارا دن گلیوں اور بازاروں میں ظالمانہ انداز میں گھسیٹتے رہے۔ پھر آپ کو سمندر کے کنارے ایک پتھریلی زمین پر رکھا گیا۔ وہ ساری جگہ آپ کے خون سے بھر گئی۔ اُسی رات آپ کو قید خانے میں پھینک دیا گیا۔ جہاں خداوند نے دو دفعہ رویا میں آپ پر ظاہر ہو کر بذات خود آپ کو تسلی دی۔ دوسرے دن 25 اپریل کو بھی آپ کے دشمنوں نے آپ کے ساتھ وہی سلوک دوہرایا۔ اس اذیت کی وجہ سے آپ ابدی نیند سو گئے۔ نویں صدی میں آپ کے جسدِ خاکی کو اٹلی کے شہر وینس لے جایا گیا۔ آپ کی تحریر کردہ انجیل کلامِ مقدس کا حصہ ہے۔ آپ کی عید ہر سال 25 اپریل کو منائی جاتی ہے۔

اے مقدس مرقس ہمارے واسطے دُعا کر!